تبصرے

پاکستان کے چند انگریزی اسلامی رسالے

جیسا کہ توقع تھی آج کل پاکستان میں اسلامی ثقافت مذہب اور اسلامی روایات و آثار سے تعلق اردو کے علاوہ انگریزی میں بھی مجلات و رسائل کی اشاعت کی بڑی گرم بازاری ہے اسلامی ثقافت کے احیاء اور اس کی تنظیم جدید کے مقصد کے پیش نظر نئی نئی سوسائٹیاں اور انجمنیں بن رہی ہیں اور اس مقصد کی تکمیل و اشاعت کی غرض سے اپنے اپنے آرگن نکال رہے ہیں آج ہم قارئین کرام سے ان میں سے بعض اہم مجلات کا تعارف کراتے ہیں۔

دی اسلامک لٹریچر

یہ غالباً پاکستان کا سب سے پہلا ماہنامہ ہے جو لاہور کے مشہور تاجر و ناشر کتب جناب محمد اشرف صاحب کے زیر اہتمام و انتظام نکل رہا ہے ضخامت کم و بیش ڈیڑھ سو صفحات ہوتی ہے۔ گٹ اپ بہت خوبصورت اور جاذب نظر، ٹائپ متوسط درجہ کا اور کاغذ اعلیٰ قسم کا مٹیالا ہوتا ہے قیمت فی کاپی ایک روپیہ پتہ: شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور

اس رسالہ میں عموماً بلند پایہ مضامین و مقالات ہوتے ہیں جو اسلامیات سے متعلق ہوتے ہیں اس حیثیت سے ہم اسکو اسلامک کلچر حیدرآباد کا مثنیٰ کہہ سکتے ہیں اس رسالہ کی جنوری ۱۹۵۳ء کی اشاعت صرف ایک ہی عنوان یعنی "اسباب زوال امت" پر دو مضمونوں کے لئے مخصوص کر دی گئی تھی یہ دو مقالات علی الترتیب ہنگری میں بوڈاپسٹ یونیورسٹی کے پروفیسر عربی حاجی ڈاکٹر عبدالکریم اور پاکستان کی ایک خاتون کے قلم سے ہیں دونوں مقالہ نگاروں نے اپنے اپنے نقطہ نظر کے ماتحت اسلامی تاریخ و روایات اور اسلامی فلسفہ و سیاسیات کی روشنی میں مسلمانوں کے زوال و انحطاط کے اسباب کا جائزہ لیا ہے اور ان کے تدارک کی صورتوں کی طرف اشارہ کیا ہے قارئین کی سہولت کے لئے فاضل اڈیٹر